عُمرہ کی نیّت

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اُرِیۡدُ الۡعُمۡرَۃَ ط فَیَسِّرۡھَالِیۡ وَتَقَبَّلۡھَا مِنِّیۡ ط وَاَعِنِّیۡ عَلَیۡھَا وَبَارِکۡ لِیۡ فِیۡھَا نَوَیۡتُ الۡعُمۡرَۃَ وَاَحۡرَمۡتُ بِھَالِلّٰہِ تَعَالٰی

اے اللہ عزوجل! میں عمرہ کا ارادہ کرتا ہوں، میرے لیے اسے آسان فرما اور اسے میری طرف سے قُبول فرما۔ اور اسے (ادا کرنے میں) میری مدد فرما اور اسے میرے لیے بابرکت فرما میں نے عمرہ کی نیت کی اور اللہ عزوجل کے لیے اس کا احرام باندھا۔

ناخن، بغل و زیر ناف کے بال کاٹ کر بعد از غُسل اسلامی بھائی احرام باندھیں، اسلامی بہنیں حسبِ معمول لباس پہنے رہیں، عطر لگائیں، مکروہ وقت نہ ہوتو اِحرام کے دو نفل ادا کریں۔ اسلامی بھائی سر برہنہ کرلیں، اسلامی بہنیں بھی منہ پر کپڑا نہ ڈالیں عمرہ کی نیت کریں پھر تین بار لبیک پڑھیں:

لَبَّیۡکَ ط اَللّٰھُمَّ لَبَّیۡکَ ط لَبَّیۡکَ لَا شَرِیۡکَ لَکَ لَبَّیۡکَ ط اِنَّ الۡحَمۡدَ وَالنِّعۡمَۃَ لَکَ وَالۡمُلۡکَ ط لَا شَرِیۡکَ لَکَ ط

میں حاضر ہوں، اے اللہ عزوجل میں حاضر ہوں، (ہاں) میں حاضر ہوں، تیرا کوئی شریک نہیں، میں حاضر ہوں، بیشک تمام خوبیاں اور نعمتیں تیرے لیے ہیں اور تیرا ہی ملک بھی، تیرا کوئی شریک نہیں۔

طواف کی نیّت

اسلامی بھائی سیدھا کندھا بَرَہنہ کرلیں اور رُو بہ کعبہ رکن یمانی کی جانب حجرِ اسود کے قریب اِس طرح کھڑے ہوں کہ پورا حجرِ اسود سیدھے ہاتھ کی طرف رہے۔ اب طواف کی اِس طرح نیّت کریں:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اُرِیۡدُ طَوَافَ بَیۡتِکَ الۡحَرَامِ فَیَسِّرۡہُ لِیۡ وَتَقَبَّلۡہُ مِنِّیۡ ط

اے اللہ عزوجل میں تیرے محترم گھر کا طواف کرنے کا ارادہ کرتا ہوں تو اسے میرے لیے آسان فرما دے اور میری جانب سے اسے قبول فرما۔

اب کعبے کو منہ کیے اپنی سیدھی طرف تھوڑا سا چل کر حجرِ اسود کے ٹھیک سامنے آ جائیں دونوں ہتھلیاں اِس طرح کانوں تک اٹھائیں کہ حجرِ اسود کی طرف رہیں اور پڑھیں:

بِسۡمِ اللّٰہِ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ وَاللّٰہُ اَکۡبَرُ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوۡلِ اللّٰہِ ط

اللہ عزوجل کے نام سے اور تمام خوبیاں اللہ عزوجل کے لیے ہیں اور اللہ عزوجل بہت بڑا ہے، اور اللہ عزوجل کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر درود و سلام ہوں۔

اور حجرِ اسود کا استلام کریں، پھر فوراً سیدھے ہاتھ پر اس طرح مُڑ جائیں کہ کعبہ شریف آپ کے اُلٹے ہاتھ کی طرف رہے، اسلامی بھائی شروع کے تین پھیروں میں رَمَل کریں، یعنی جلد جلد چھوٹے قدم رکھتے کندھے ہلاتے چلیں، رُکنِ اسود پر ایک پھیرا پورا ہوگیا۔ پھر پہلے ہی کی طرح استلام کریں، اب نیت کی ضرورت نہیں۔ تین پھیروں کے بعد اسلامی بھائی بھی درمیانی چال سے طواف کریں، سات

پھیرے مکمل کرنے کے بعد آٹھویں بار استلام کریں۔ اب سیدھا کندھا ڈھانپ لیں، ہر طواف میں پھیرے سات اور استلام آٹھ ہوتے ہیں، اب اگر مکروہ وقت نہ ہو تو ابھی ورنہ بعد میں مسجد الحرام میں دو رکعت نماز واجب الطواف ادا کریں، پھر ملتزم پر دُعا مانگیں۔ اس کے بعد قبلہ رُو کھڑے کھڑے زم زم شریف پئیں۔

سعی

پہلے ہی کی طرح نویں[9] بار استلام کریں۔ صفا شریف کے ماربل بچھے ہوئے حصے پر معمولی سا چڑھیں کہ کعبہ شریف نظر آجائے، قبلہ رُو کھڑے ہو کر دُعا کی طرح ہاتھ اُٹھا کر دعا مانگیں، پھر سعی کی نیت کریں کہ مستحب ہے، بغیر نیت بھی سعی درست ہے، سبز میلوں کے درمیان اسلامی بھائی دوڑیں، مروہ آ گیا! ایک پھیرا پورا ہوا۔ چیک ٹائیل کے نیچے قبلہ رُو کھڑے ہو کر پہلے ہی کی طرح دُعا مانگیں، نیت کی ضرورت نہیں۔ اسی طرح چلتے دوڑتے ساتواں پھیرا مروہ پر ختم ہوگا ''جدید مسعٰی'' کے بجائے تہ خانے میں سعی کیجئے اب حلق یا تقصیر کروائیں۔ تقصیر میں چوتھائی سر کے بالوں میں سے ہر بال کم از کم انگلی کے ایک پورے کے برابر کٹ جانا ضروری ہے۔ قینچی کے ذریعے دو[2] تین[3] جگہ سے چند بال کٹوا لینے سے اِحرام کی پابندیاں ختم نہیں ہوتیں۔ اسلامی بہنیں صرف تقصیر کروائیں، عمرہ پورا ہوا حجِ تَمَتُّع کرنے والے حلق یا تقصیر کے بعد اِحرام سے فارغ ہو گئے، مگر حج ''اِفراد'' اور ''قِران'' والے حلق، تقصیر ابھی نہیں کر سکتے انہیں اسی اِحرام سے حج ادا کرنا ہے، اِفراد والے کے لیئے یہ طواف، طوافِ قُدوم ہوا، قِران والا اس کے بعد طوافِ قدوم کی نیت سے ایک اور طواف وسعی بجالائے۔

حج کی نیت

اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اُرِیْدُ الْحَجَّ فَیَسِّرْہُ لِیْ وَتَقَبَّلْہُ مِنِّیْ ط وَاَعِنِّیْ عَلَیْہِ وَبَارِکْ لِیْ فِیْہِ ط نَوَیْتُ الْحَجَّ وَاَحْرَمْتُ بِہٖ لِلّٰہِ تَعَالٰی

اے اللہ عزوجل میں حج کا ارادہ کرتا ہوں اس کو تو میرے لیے آسان کردے اور اسے مجھ سے قبول فرما اور اس میں میری مدد فرما اور اسے میرے لیے بابرکت فرما، میں نے حج کی نیت کی اور اللہ عزوجل کے لئے اس کا اِحرام باندھا۔

حج کا پہلا دن

8 ذوالحجہ کو احرام باندھ کر حج کی نیت اور لبیک ، اب حجِ تَمَتُّع والے چاہیں تو ایک نفلی طواف میں حج کے رَمل و سعی سے فارغ ہولیں ورنہ طوافُ الزیارہ میں حج کے رَمل و سعی کرلیں اور اسی میں آسانی ہے، مِنٰی شریف کی روانگی، آٹھویں[8] کو نمازِ ظہر تا نویں[9] کی فجر پانچ نمازیں مِنٰی میں ادا کرنا سنّت ہے۔

حج کا دوسرا دن

9 ذوالحجہ کو سُوئے عَرَفات روانگی، دوپہر کے بعد وقوفِ عرفات، سورج غروب ہونے کے بعد نمازِ مغرب پڑھے بغیر سُوئے مُزْدَلِفہ روانگی، مزدلفہ میں عشاء کے وقت میں مغرب و عشاء ملا کر پڑھنا، رَمی کے لیے 49 سے چند زائد کنکریاں جمع کرنا۔ دسویں[10] کو صبح صادق کے بعد مُزْدَلِفہ کا وقوف، نمازِ فجر کے بعد مِنٰی شریف روانگی۔

حج کا تیسرا دن

10 ذوالحجہ کو طلوعِ آفتاب کے بعد صرف بڑے شیطان کو سات کنکریاں مارنا، پھر قربانی کرنا (ٹوکن ہرگز نہ خریدیں) پھر حلق یا تقصیر پھر طوافُ الزیارہ۔

حج کا چوتھا دن

11 ذوالحجہ کو ظہر کا وقت شروع ہونے کے بعد پہلے چھوٹے پھر منجھلے پھر بڑے شیطان کی رَمی کرنا، رات منٰی شریف میں قیام۔

حج کا پانچواں دن

12 ذوالحجہ کو ظہر کا وقت شروع ہونے کے بعد گیارھویں ہی کی طرح تینوں شیطانوں پر رَمی کرنا، اگر 13 ویں کی رَمی نہ کرنی ہو تو غروبِ آفتاب سے قبل منٰی کی حدود سے نکل جائیں، اسلامی بہنوں کو بھی تینوں[3] دن اپنے ہاتھ سے رَمی کرنا واجب ہے اور ترکِ واجب پر دم واجب، اگر کسی نے ابھی طواف الزیارہ نہ کیا ہو تو 12 ویں کو غروبِ آفتاب سے پہلے پہلے کرلے۔

یہ کارڈ نا کافی ہے، رَفیق الحرمین پڑھ لیں

پھر اس کارڈ کے ذریعے مناسکِ حج ادا کریں

روضۂ رسول صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر حاضری

مسجدِ نبوی صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلم کے دروازۂ مُبارکہ پر رُک کر بہ نیتِ اجازت عرض کریں:

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْ لَ اللّٰہ

سنہری جالیوں کے روبرو بڑے سُوراخ اور دو چھوٹے سوراخوں کے درمیان دروازۂ مُبارکہ کی مشرقی جانب لگی ہوئی چاندی کی کِیلوں کی سیدھ میں کم از کم 2 گز دور نماز کی طرح ہاتھ باندھ کر سرکار صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں درمیانہ آواز میں اس طرح صلوٰۃ سلام عرض کریں:

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ، اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ، اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا خَیْرَ خَلْقِ اللّٰہِ، اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا شَفِیْعَ الْمُذْنِبِیْنَ ، اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ وَعَلٰی اٰلِکَ وَاَصْحَابِکَ وَاُمَّتِکَ اَجْمَعِیْنَ ط

اے نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) آپ پر سلام اور اللہ عزوجل کی رحمت اور برکتیں، اے اللہ عزوجل کے رسول صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلم آپ پر سلام، اے اللہ عزوجل کی تمام مخلوق سے بہتر آپ پر سلام، اے گناہگاروں کی شفاعت کرنے والے، آپ پر سلام، آپ پر، آپ کی آل واصحاب پر، اور آپ کی تمام اُمّت پر سلام۔

دُعا کے لیے جالی مبارک کو ہر گز پیٹھ نہ کریں۔

الحمد للہ رب العلمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ سید المرسلین اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اوقاتِ نماز و سحر و افطار برائے مکۃ المکرمہ اور مضافات

(منیٰ، مزدلفہ، عرفات)

OCTOBER اکتوبر

ISHA عشاء	MAGHRIB افطار رمغرب	ASR(H) عصر	ZOHR ظہر	D.KUBRA ضحوۂ کبریٰ	SUNRISE طلوع آفتاب	FAJR ختم سحری رفجر	DATE تاریخ
7:22:59	6:11:13	4:30:40	12:10:46	11:32:55	6:09:28	4:57:39	1
7:22:03	6:10:18	4:29:55	12:10:27	11:32:36	6:09:45	4:57:56	2
7:21:08	6:09:22	4:29:11	12:10:08	11:32:17	6:10:03	4:58:13	3
7:20:14	6:08:27	4:28:27	12:09:49	11:31:58	6:10:20	4:58:31	4
7:19:20	6:07:33	4:27:42	12:09:31	11:31:39	6:10:38	4:58:48	5
7:18:26	6:06:39	4:26:58	12:09:13	11:31:21	6:10:57	4:59:05	6
7:17:34	6:05:45	4:26:14	12:08:55	11:31:03	6:11:15	4:59:23	7
7:16:42	6:04:52	4:25:31	12:08:38	11:30:45	6:11:34	4:59:41	8
7:15:51	6:03:59	4:24:47	12:08:21	11:30:28	6:11:53	4:59:59	9
7:15:01	6:03:07	4:24:04	12:08:05	11:30:10	6:12:13	5:00:16	10
7:14:11	6:02:15	4:23:21	12:07:49	11:29:54	6:12:33	5:00:34	11
7:13:22	6:01:24	4:22:38	12:07:33	11:29:37	6:12:53	5:00:52	12
7:12:34	6:00:33	4:21:55	12:07:18	11:29:21	6:13:14	5:01:11	13
7:11:47	5:59:43	4:21:13	12:07:04	11:29:05	6:13:35	5:01:29	14
7:11:01	5:58:54	4:20:32	12:06:50	11:28:50	6:13:56	5:01:48	15
7:10:15	5:58:06	4:19:50	12:06:37	11:28:35	6:14:18	5:02:07	16
7:09:31	5:57:18	4:19:10	12:06:24	11:28:21	6:14:41	5:02:26	17
7:08:48	5:56:31	4:18:29	12:06:12	11:28:07	6:15:03	5:02:45	18
7:08:05	5:55:45	4:17:49	12:06:01	11:27:54	6:15:27	5:03:05	19
7:07:24	5:54:59	4:17:10	12:05:50	11:27:41	6:15:51	5:03:25	20
7:06:43	5:54:15	4:16:31	12:05:40	11:27:29	6:16:15	5:03:45	21
7:06:04	5:53:31	4:15:53	12:05:30	11:27:17	6:16:40	5:04:06	22
7:05:25	5:52:48	4:15:16	12:05:21	11:27:06	6:17:05	5:04:27	23
7:04:48	5:52:06	4:14:39	12:05:13	11:26:56	6:17:31	5:04:48	24
7:04:12	5:51:25	4:14:03	12:05:06	11:26:46	6:17:57	5:05:10	25
7:03:36	5:50:45	4:13:27	12:04:59	11:26:37	6:18:24	5:05:32	26
7:03:02	5:50:06	4:12:53	12:04:53	11:26:29	6:18:51	5:05:54	27
7:02:30	5:49:28	4:12:19	12:04:47	11:26:21	6:19:19	5:06:17	28

نوٹ: عرفات کے لیے درج بالا اوقات سے 32 سیکنڈ کم کر لیجیے۔